ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہ سب سے بہتر مددگار ہے (القرآن)

وقت کی ضرورت ★ باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت لاہور اور گوجرانوالہ سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

ABC CERTIFIED

بانی و چیف ایگزیکٹو:
ملک لیاقت علی

روزنامہ

لاہور

اتحاد ٹائمز

DAILY ITTIHAD TIMES

چیف ایڈیٹر: فرحان ملک

ایڈیٹر: عدیل ملک

جلد 15	پیر 11 مئی 2026ء، 23 ذیقعد 1447ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے	شمارہ 330

MONDAY 11 MAY 2026

تنظیم عورت فاؤنڈیشن کے اپنی جدوجہد کے 40 سال مکمل

ایک پروقار فنڈ ریزنگ گالا ''GAIN TO GIVE'' کا انعقاد کیا گیا

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان میں خواتین کے حقوق، سماجی انصاف اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے سرگرم معروف تنظیم عورت فاؤنڈیشن نے اپنی جدوجہد کے 40 سال مکمل ہونے پر ایک پروقار فنڈ ریزنگ گالا ''GAIN TOGIVE'' کا انعقاد کیا۔ Pearl Continental Hotel Karachi میں

منعقدہ اس تقریب کا مرکزی موضوع ''سماجی سرمائے کی اہمیت اور جامع ترقی پر اس کے اثرات'' تھا۔ یہ تقریب عورت فاؤنڈیشن کی چار دہائیوں پر محیط اس شاندار سفر کا اعتراف تھی جس کا مقصد ایک منصفانہ، بااختیار اور صنفی امتیاز سے پاک پاکستان کی تشکیل ہے۔ تقریب کا ایک یادگار لمحہ عورت فاؤنڈیشن کی 40 ویں سالگرہ کا کیک کاٹنے کی تقریب تھی، جس کی قیادت مہمانِ خصوصی اور فاؤنڈیشن کی قیادت نے کی۔ یہ لمحہ خواتین کی ہمت، بااختیاری، جدوجہد اور اجتماعی کامیابی کی ایک خوبصورت علامت بن کر ابھرا۔ تقریب کی صدارت عورت فاؤنڈیشن کی صدر محترمہ انیس ہارون نے کی، جبکہ طبانی گروپ آف کمپنیز کے چیئرمین جناب حمزہ طبانی مہمانِ خصوصی تھے۔ تقریب کی نظامت کے فرائض عورت فاؤنڈیشن کی ریجنل ہیڈ محترمہ منیزہ نے نہایت مہارت، اعتماد اور دلکش انداز میں انجام دیے۔ ان کے پیشہ ورانہ طرزِ گفتگو اور سماجی وکالت کے موضوعات کو کارپوریٹ ذمہ داری کے ساتھ جوڑنے کے انداز کو شرکاء نے بے حد سراہا۔ عورت فاؤنڈیشن کے سی ای او مرزا نعیم نے اپنے کلیدی خطاب میں تنظیم کے چالیس سالہ سفر، درپیش مشکلات، تاریخی کامیابیوں اور خواتین کے حقوق کے لیے جاری جدوجہد کا تفصیلی خاکہ پیش کیا، جسے حاضرین نے کھڑے ہو کر خراجِ تحسین پیش کیا۔ ان کی بصیرت انگیز قیادت، مستقل مزاجی اور خواتین کی بااختیاری کے لیے انتھک خدمات کو بھرپور انداز میں سراہا گیا، جنہوں نے پیچیدہ سماجی و سیاسی حالات میں بھی عورت فاؤنڈیشن کو امید، شعور اور تبدیلی کی علامت بنائے رکھا۔ مہمانِ خصوصی حمزہ طبانی نے اپنے خطاب میں مرزا نعیم اور عورت فاؤنڈیشن کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا

کہ کارپوریٹ سیکٹر کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ معاشرتی مساوات، خواتین کی ترقی اور انسانی وقار کے فروغ کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کرے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پائیدار ترقی کے لیے کاروباری اداروں اور سماجی تنظیموں کے درمیان مضبوط اشتراک ناگزیر ہے۔